**Lang. Code : 20**

इस पुस्तिका में **16** पृष्ठ हैं ।
This booklet contains **16** pages.

# TAJ 19-I

**प्रश्न-पत्र I / PAPER I**

**उर्दू भाषा परिशिष्ट**

**Urdu Language Supplement**

**भाग IV & V / PART IV & V**

**परीक्षा पुस्तिका संकेत**
**Test Booklet Code**

**P**

**परीक्षा पुस्तिका संख्या**
**Test Booklet No.**

**इस परीक्षा पुस्तिका को तब तक न खोलें जब तक कहा न जाए ।**
**Do not open this Test Booklet until you are asked to do so.**
**इस परीक्षा पुस्तिका के पिछले आवरण (पृष्ठ 15 व 16)पर दिए निर्देशों को ध्यान से पढ़ें ।**
**Read carefully the Instructions on the Back Cover (Page 15 & 16) of this Test Booklet.**

**उर्दू में निर्देशों के लिए इस पुस्तिका का पृष्ठ 2 देखें । / For instructions in Urdu see Page 2 of this Booklet.**

## परीक्षार्थियों के लिए निर्देश

1. यह पुस्तिका मुख्य परीक्षा पुस्तिका की एक परिशिष्ट है, उन परीक्षार्थियों के लिए जो **या** तो भाग IV (भाषा I) **या** भाग V (भाषा II) **उर्दू** भाषा में देना चाहते हैं, लेकिन **दोनों नहीं** ।
2. परीक्षार्थी भाग I, II, III के उत्तर मुख्य परीक्षा पुस्तिका से दें और भाग IV व V के उत्तर उनके द्वारा चुनी भाषाओं से ।
3. अंग्रेज़ी व हिन्दी भाषा पर प्रश्न मुख्य परीक्षा पुस्तिका में भाग IV व भाग V के अन्तर्गत दिए गए हैं । भाषा परिशिष्टों को आप अलग से माँग सकते हैं ।
4. इस पृष्ठ पर विवरण अंकित करने एवं उत्तर पत्र पर निशान लगाने के लिए **केवल काले/नीले बॉल पॉइंट पेन** का प्रयोग करें ।
5. इस भाषा पुस्तिका का **संकेत** है **P** । यह सुनिश्चित कर लें कि इस भाषा परिशिष्ट पुस्तिका का संकेत, उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** एवं मुख्य परीक्षा पुस्तिका पर छपे संकेत से मिलता है । अगर यह भिन्न हो, तो परीक्षार्थी दूसरी भाषा परिशिष्ट परीक्षा पुस्तिका लेने के लिए निरीक्षक को तुरन्त अवगत कराएँ ।
6. इस परीक्षा पुस्तिका में **दो** भाग IV और V हैं, जिनमें **60** वस्तुनिष्ठ प्रश्न हैं, जो प्रत्येक 1 अंक का है :
   भाग-IV : भाषा I - (उर्दू) (प्र. 91 से प्र. 120)
   भाग-V : भाषा II - (उर्दू) (प्र. 121 से प्र. 150)
7. भाग-IV में भाषा-I के लिए 30 प्रश्न और भाग-V में भाषा-II के लिए 30 प्रश्न दिए गए हैं । इस परीक्षा पुस्तिका में केवल उर्दू भाषा से संबंधित प्रश्न दिए गए हैं । **यदि भाषा-I और/या भाषा-II में आपके द्वारा चुनी गई भाषा(एँ) उर्दू के अलावा है तो कृपया उस भाषा वाली परीक्षा पुस्तिका माँग लीजिए । जिन भाषाओं के प्रश्नों के उत्तर आप दे रहे हैं वह आवेदन पत्र में चुनी गई भाषाओं से अवश्य मेल खानी चाहिए ।**
8. **परीक्षार्थी भाग-V (भाषा-II) के लिए, भाषा सूची से ऐसी भाषा चुनें जो उनके द्वारा भाषा I (भाग-IV) में चुनी गई भाषा से भिन्न हो ।**
9. रफ कार्य परीक्षा पुस्तिका में इस प्रयोजन के लिए दी गई खाली जगह पर ही करें ।
10. सभी उत्तर केवल OMR उत्तर पत्र पर ही अंकित करें । अपने उत्तर ध्यानपूर्वक अंकित करें । उत्तर बदलने हेतु श्वेत रंजक का प्रयोग निषिद्ध है ।

## *INSTRUCTIONS FOR CANDIDATES*

1. This booklet is a supplement to the Main Test Booklet for those candidates who wish to answer **EITHER** Part IV (Language I) **OR** Part V (Language II) in **URDU** language, but **NOT BOTH**.
2. Candidates are required to answer Parts I, II, III from the Main Test Booklet and Parts IV and V from the languages chosen by them.
3. Questions on English and Hindi languages for Part IV and Part V have been given in the Main Test Booklet. Language Supplements can be asked for separately.
4. Use **Black/Blue Ball Point Pen only** for writing particulars on this page / marking responses in the Answer Sheet.
5. The CODE for this Language Booklet is **P**. Make sure that the CODE printed on **Side-2** of the Answer Sheet and on your Main Test Booklet is the same as that on this Language Supplement Test Booklet. In case of discrepancy, the candidate should immediately report the matter to the Invigilator for replacement of the Language Supplement Test Booklet.
6. This Test Booklet has **two** Parts, IV and V, consisting of **60** Objective Type Questions, each carrying 1 mark :
   Part-IV : Language I - (Urdu) (Q. 91 to Q. 120)
   Part-V : Language II - (Urdu) (Q. 121 to Q. 150)
7. Part-IV contains 30 questions for Language-I and Part-V contains 30 questions for Language-II. In this Test Booklet, only questions pertaining to Urdu language have been given. **In case the language/s you have opted for as Language-I and/or Language-II is a Language other than Urdu, please ask for a Test Booklet that contains questions on that language. The language being answered must tally with the languages opted for in your Application Form.**
8. **Candidates are required to attempt questions in Part -V (Language-II) in a language other than the one chosen as Language-I (in Part-IV) from the list of languages.**
9. Rough work should be done only in the space provided in the Test Booklet for the same.
10. The answers are to be recorded on the OMR Answer Sheet only. Mark your responses carefully. No whitener is allowed for changing answers.

परीक्षार्थी का नाम (बड़े अक्षरों में) : ______
Name of the Candidate (in Capitals) :
अनुक्रमांक : (अंकों में) ______
Roll Number : in figures
: (शब्दों में) ______
: in words
परीक्षा केन्द्र (बड़े अक्षरों में) : ______
Centre of Examination (in Capitals) :
परीक्षार्थी के हस्ताक्षर : ______ निरीक्षक के हस्ताक्षर : ______
Candidate's Signature : Invigilator's Signature :
Facsimile signature stamp of
Centre Superintendent ______

P

امتحان سوالنامہ کوڈ

**P**

# TAJ 19-I

# Lang. Code : 20

پرچہ - I

## ضمیمہ اُردو زبان

حصّہ IV ، V

اس کتابچہ میں **16** صفحات ہیں

اس سوال نامے کو اُس وقت تک نہ کھولیں جب تک کہا نہ جائے۔

سوال نامے کی پشت **15 ، 16** پر دی گئی ہدایات کو غور سے پڑھیں۔

**امیدواروں کے لیے ہدایات :**

1. یہ کتابچہ ان امیدواروں کے لیے بنیادی سوال نامے کا ضمیمہ ہے جو اُردو زبان کے حصّہ IV (زبان I) **یا** حصّہ V (زبان II) میں جواب دینا چاہتے ہیں۔**مگر دونوں میں نہیں۔**
2. امیدواروں کو بنیادی سوال نامے کے حصّہ I، II، III کے جواب بنیادی سوال نامے سے دیں اور حصّہ IV، V کے جوابات زبانوں میں لکھنے ہوں گے جن کا انھوں نے انتخاب کیا ہے۔
3. حصّہ IV اور V میں ہندی اور انگریزی زبانوں کے سوالات بنیادی سوال نامے میں دیے گئے ہیں۔ زبان کے ضمیمے کو الگ سے مانگا جا سکتا ہے۔
4. اس صفحے پر جواب لکھنے/کوائف لکھنے کے لیے **صرف کالے/ نیلے بال پین** کا ہی استعمال کریں۔
5. اس سوال نامے کا کوڈ **P** ہے۔ جواب نامے کے دوسری جانب دیا گیا کوڈ اور آپ کے بنیادی سوال نامے کا کوڈ ایک ہی ہونا چاہیے، جیسا زبان کے صفحے **2** پر ہے۔ اگر اُس میں کہیں کوئی فرق ہے تو اُمّید وار کو فوراً نگراں کو اطلاع دے کر اس سے زبان کے سوال نامے کا دوسرا ضمیمہ طلب کرنا ہوگا۔
6. اس سوال نامے کے **دو حصّے** ہیں، IV اور V جو **60** معروضی سوالات پر مشتمل ہیں۔ ہر سوال کا **ایک (1)** نمبر ہے۔
   حصّہ IV زبان I اُردو (سوال نمبر 91 تا 120)
   حصّہ V زبان II اُردو (سوال نمبر 121 تا 150)
7. حصّہ IV زبان I کے 30 سوال اور حصّہ V زبان II کے 30 سوال ہیں۔ اس سوال نامے میں صرف اُردو کے سوالات ہیں۔ **اگر آپ نے اس زبان/زبانوں کو زبان I اور/ یا زبان II کی حیثیت سے انتخاب کیا ہے جو اُردو زبان نہیں ہے تو اسی زبان کا سوال نامہ طلب کیجیے۔ آپ کے جواب اسی زبان میں ہونے چاہئیں جسے آپ نے اپنی درخواست میں انتخاب کیا ہے۔**
8. **امیدواروں نے زبان I (حصّہ IV) کی حیثیت سے جس زبان کا انتخاب کیا ہے حصّہ V (زبان II) کے جواب انھیں اس کے علاوہ فہرستِ زبان میں سے دی گئی زبانوں میں سے کسی میں دینے ہوں گے۔**
9. امیدوار کو کچّا کام امتحان کے سوال نامے میں دی گئی خالی جگہ میں ہی کرنا ہوگا۔
10. جوابات کا اندراج صرف OMR جواب نامے پر ہی کرنا ہوگا۔ جوابی نشانات احتیاط سے لگائیں۔ سفیدے کے استعمال کی اجازت نہیں ہے۔

امیدوار کا نام : (جلی حروف میں) ______________________

رول نمبر : اعداد میں ______________________

: الفاظ میں ______________________

امتحان کا مرکز : (جلی حروف میں) ______________________

امیدوار کے دستخط : ______________ نگراں کے دستخط ______________

سینٹر سپرنٹنڈنٹ کے دستخط کی مہر ______________________

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-IV (Q.No. 91-120), if they have opted URDU as Language-I only.**

## حصّہ - IV
## زبان - I
## اُردو

| |
|---|
| **اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-IV (سوال نمبر 91 تا 120) صرف تب ہی دیں اگر اُنھوں نے زبان-I کا اوپشن اُردو چنا ہو۔** |

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 91 تا 99)**

آج کی معاشرت میں جو صفائی، خوب صورتی اور تندرستی نظر آتی ہے اس کا سہرا سائنس کے سر ہے۔ کیونکہ سائنس ہی نے بیماریوں اور قحط سالی کے مقابلے کے لیے کئی طور طریقے وضع کیے ہیں، ایک حد تک زیادہ پیداوار حاصل کرتے ہوئے قحط سالی کو روکا بھی ہے۔ ترسیل کا سامان پیدا کیا ہے دنیا بھر کی تہذیبوں اور قوموں کو قریب سے قریب تر کر دیا ہے۔ سائنس نے سمندروخشکی کی حدوں کو پار کر کے ساری دنیا کی معاشرت کو اک اکائی کر دکھایا ہے وقت اور فاصلے کے مسئلے کو ختم کر دیا ہے اور قومیں تہذیبیں کیسے ایک دوسرے کے قریب آئی ہیں، وہ اس طرح کہ ہر وہ نیا رنگ، نیا ڈھنگ اور یہ فیشن کا انداز ریڈیو، ٹیلی ویژن، اخباروں اور سلولائیڈ فلموں کی امداد سے کئی دوسرے ملکوں تک پہنچ جاتا ہے اور اس طرح آگے سے آگے بڑھتا جاتا ہے۔ صنعت و حرفت میں سائنس کی بدولت بڑی ترقی ہوئی ہے۔ دوسرے ممالک میں سامان فروخت کرنے کے لیے خوشنما اور خوب صورت معیار کا لحاظ رکھا جاتا ہے تا کہ عالمی منڈی میں اس سامان کو پسند کیا جائے اس کا نتیجہ ظاہر ہے کہ مقابلے کے جذبے سے ہر ملک بہتر سے بہتر سامان تیار کرتا ہے جو دوسرے ممالک میں خوش اسلوبی سے فروخت ہو جاتا ہے۔

**.91** سائنس نے زیادہ پیداوار کو حاصل کرتے ہوئے روکا ہے

(1) قحط سالی کو

(2) خشک سالی کو

(3) بدحالی کو

(4) لاچاری کو

**.92** دنیا بھر کی تہذیبوں کو کر دیا ہے

(1) علاحدہ کر دیا ہے

(2) مالا مال کر دیا ہے

(3) یکجا کر دیا ہے

(4) قریب سے قریب تر کر دیا ہے

**.93** ریڈیو، ٹیلی ویژن، اخباروں اور سلولائیڈ فلموں کی مدد سے کیا پہنچ جاتا ہے ؟

(1) گفتگو کا انداز

(2) کھانے کا انداز

(3) سوچنے کا انداز

(4) فیشن کا انداز

**.94** سائنس کی بدولت کس میں بڑی ترقی ہوئی ہے ؟

(1) تہذیب و معاشرت میں

(2) صنعت و حرفت میں

(3) انفارمیشن ٹکنالوجی میں

(4) کھیتی باڑی میں

**95.** دوسرے ملکوں میں سامان فروخت کرنے میں لحاظ رکھا جاتا ہے

(1) سستے اور اچھے معیار کا

(2) مفید اور مناسب معیار کا

(3) خوشنما اور خوب صورت معیار کا

(4) اچھے مال اور اعلیٰ معیار کا

**96.** حاصل کی جمع ہے

(1) حصولوں

(2) حصول

(3) ماحصل

(4) ماحصلوں

**97.** خوب صورت کا متضاد ہے

(1) بدنما

(2) بدصورت

(3) بدشکل

(4) بدہیت

**98.** سائنس کی وجہ سے آج کی معاشرت میں نظر آتی ہے

(1) صحت، خوب صورتی اور تعلیم

(2) ایمانداری، ترقی اور خوش حالی

(3) صفائی، خوب صورتی اور تندرستی

(4) صفائی، تہذیب اور ثقافت

**99.** سائنس نے بیماریوں اور قحط سالی کے مقابلے کے لیے کیا کیا ہے ؟

(1) کئی منصوبے تیار کیے ہیں

(2) کئی طور طریقے وضع کیے ہیں

(3) کئی پلان بنائے ہیں

(4) کئی ریسرچ کی ہیں

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے شعری حصّے کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 100 تا 105)**

یہ آرزو تھی تجھے گل کے روبرو کرتے
ہم اور بلبلِ بے تاب گفتگو کرتے
پیامبر نہ میسّر ہوا تو خوب ہوا
زبانِ غیر سے کیا شرحِ آرزو کرتے
مری طرح سے مہ و مہر بھی ہیں آوارہ
کسی حبیب کی یہ بھی ہیں جستجو کرتے
جو دیکھتے تری زنجیر زلف کا عالم
اسیر ہونے کی آزاد آرزو کرتے
نہ پوچھ عالمِ برگشتہ طالعی آتش
برستی آگ جو باراں کی آرزو کرتے

**100.** شاعر کو کون میسّر نہ ہوا ؟

(1) دلبر

(2) پیامبر

(3) ستم گر

(4) چارہ گر

**101.** شاعر کی طرح کون حبیب کی جستجو کرتے ہیں ؟

(1) چاند تارے

(2) مہ و مہر

(3) زمین آسمان

(4) آب و گل

**102.** تیسرے شعر میں شاعر اسیر ہونے کی آزاد آرزو کرتا ہے

(1) محبوب کی آنکھوں کو دیکھ کر

(2) محبوب کے حسن کو دیکھ کر

(3) محبوب کی زنجیرِ زلف کو دیکھ کر

(4) محبوب کے سراپا کو دیکھ کر

**103.** برستی آگ جو ________ کی آرزو کرتے

ذیل میں دیے گئے لفظوں میں سے صحیح لفظ بھریے :

(1) نازاں

(2) شاداں

(3) باراں

(4) زنداں

**104.** حبیب کی جمع ہے

(1) احباب

(2) حبیبوں

(3) احبابوں

(4) احبابین

**105.** شاعر پہلے شعر میں کیا آرزو کر رہا ہے؟

(1) محبوب سے ملاقات کرنے کی

(2) محبوب سے شکوہ کرنے کی

(3) محبوب کو گل کے روبرو کرنے کی

(4) محبوب کے حسن کی تعریف کرنے کی

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوال کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 106 تا 120)**

**106.** پہلی جماعت کی زبان کی نصابی کتاب حروف تہجی، دو حرفی الفاظ، سہ حرفی الفاظ اور پھر کہانیوں اور نظموں سے شروع ہوتی ہے۔ اس نصابی کتاب میں کون سا انداز نظر اپنایا گیا ہے؟

(1) نیچے سے اوپر کا

(2) اوپر سے نیچے کا

(3) انضباطی

(4) درسیاتی خاکے کا

**107.** پڑھنے میں دشواری ________ کہلاتی ہے۔

(1) ڈسلکسیا (Dyslexia)

(2) ڈسگریفیا (Dysgraphia)

(3) ڈسکلکولیا (Dyscalculia)

(4) ڈسفوریا (Dysphoria)

**108.** زبان کی کلاس میں لکھنے کی شروعات کرنے کے لیے استاد کو چاہیے کہ

(1) موضوع کے بارے میں طلبا سے غور وفکر کرنے اور نئے خیالات یکجا کرنے کے لیے کہے

(2) طلبا سے کسی موضوع پر بلیک بورڈ پر لکھے ہوئے اقتباس کو نقل کرنے کے لیے کہے

(3) طلبا سے مختلف اقتباس پڑھ کر اسکول آنے کے لیے کہے

(4) طلبا سے خوش خط لکھنے کے لیے کہے

**109.** ایک بچہ بنیادی طور پر مادری زبان سیکھتا ہے

(1) سن کر

(2) بول کر

(3) لکھ کر

(4) رسمی آموزشی ماحول میں

**110.** درج ذیل میں کس کا شمار تخلیقی مہارتوں میں ہوتا ہے؟

(1) پڑھنا اور لکھنا

(2) پڑھنا اور سننا

(3) بولنا اور لکھنا

(4) بولنا اور سننا

**111.** تیسری جماعت کے طلبا کو ایک نظم پڑھانے کے بعد کرونا نے فیصلہ کیا کہ انھیں کچھ کام دے۔ درج ذیل میں سے اسے کون سا کام دینا چاہیے تا کہ بچے اس میں پوری سرگرمی سے شریک ہوں :

(1) بچوں سے نظم کے آخر میں دیے گئے سوالوں کے جواب لکھنے کے لیے کہا جائے

(2) بچوں سے نظم کے بارے میں مختلف گروپوں میں اپنے جواب دینے کے لیے کہا جائے

(3) بچوں سے پوری نظم حرف بہ حرف زبانی یاد کرنے کے لیے کہا جائے

(4) بچوں سے نظم میں آئے نئے لفظوں کی مدد سے جملے بنانے کے لیے کہا جائے

**112.** زبان سیکھنے کے حوالے سے درج ذیل میں سے کون درست ہے؟

(1) بچے زبان سیکھنے کی پیدائشی صلاحیت نہیں رکھتے ہیں

(2) بچے اسکول آ کر زبان سیکھتے ہیں

(3) ہر بچے میں زبان سیکھنے کی پیدائشی صلاحیت ہوتی ہے

(4) بچے مختلف وسائل سے زبان سیکھتے ہیں

**113.** زبان سیکھنے کے لیے درج ذیل میں سے کون سب سے اہم ہے؟

(1) تدریسی آموزشی مواد (TLM) کا استعمال

(2) سماجی تعامل

(3) کتابیں پڑھنا

(4) فلمیں یا ڈرامے دیکھنا

**114.** سبق میں تصویر یا وضاحتی تصویر کا استعمال کس طور پر ہوتا ہے؟

(1) نصابی کتاب اور اسباق میں وضاحتی تصویر دینے کا رجحان ہے

(2) یہ نصابی کتاب کو جاذب بناتے ہیں

(3) یہ جامد تصورات کو سمجھنے میں معاون ہوتے ہیں

(4) سبق تحریر کرنا مشکل ہے لیکن وضاحتی تصویر بنانا آسان ہے

**115.** طلبا کو اچھا مصنف بنانے کے لیے استاد کو تحریر کے کس پہلو پر سب سے زیادہ توجہ دینی چاہیے؟

(1) خوش خط

(2) قواعد

(3) تاثر

(4) لفظوں کی تعداد

**116.** ڈسلکسیا (Dyslexia) کس سے متعلق ہے؟

(1) ذہنی خرابی

(2) کرداری خرابی

(3) ریاضتی خرابی

(4) پڑھنے میں دشواری

**117.** متن پڑھنے میں سب سے زیادہ کس کی اہمیت ہوتی ہے؟

(1) صحیح تلفظ کے ساتھ پڑھنا

(2) سبھی اعراب کا درست استعمال

(3) متن کے معنی سمجھنا

(4) تیز رفتاری سے پڑھنا

**118.** دوسری جماعت کی استاد نشا طلبا کے ذخیرۂ الفاظ کو فروغ دینے پر کافی زور دیتی ہے۔ ذخیرۂ الفاظ میں اضافے کی سب سے بہترین حکمت عملی کون سی ہے؟

(1) طلبا نیا سبق پڑھنے سے پہلے تمام نئے الفاظ یاد کر لیں۔

(2) طلبا موجودہ سیاق میں نئے الفاظ کے معانی کے بارے میں قیاس کریں۔

(3) طلبا تمام نئے یا مشکل الفاظ کے لیے لغت دیکھیں۔

(4) طلبا سبق میں آئے تمام نئے اور مشکل الفاظ کو نشان زد کریں اور پھر ان کے معنی یاد کریں۔

**119.** دوسری جماعت کا استاذ طلبا کو مختلف حرکات وسکنات کے ساتھ ایک دل چسپ کہانی سناتا ہے۔ پوری کہانی سنانے کے بعد کچھ طلبا سے کہتا ہے کہ وہ اس کہانی کو اپنے لفظوں میں دوبارہ بیان کریں۔ ایسا کرکے وہ جانچنے کی کوشش کرتا ہے

(1) سننے کی صلاحیت

(2) بولنے کی صلاحیت

(3) پڑھنے کی صلاحیت

(4) لکھنے کی صلاحیت

**120.** کلاس روم کی دیواروں پر بہترین تصاویر ہونے کا مطلب ہے

(1) کلاس روم کی دیواریں رنگین ہیں

(2) پڑھائے جانے والے تصورات سے متعلق تحریری مواد کو دیواروں پر چسپاں کرنا

(3) حروف تہجی کے بڑے چارٹ کو چسپاں کرنا

(4) مختلف نظموں کو ان کی وضاحتی تصویروں کے ساتھ دیواروں پر پرنٹ کرنا

اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔

**Candidates should attempt questions from Part-V (Q.No. 121-150), if they have opted URDU as Language-II only.**

## حصّہ - V
## زبان - II
## اُردو

**اُمّید وار سوالوں کے جواب حصّہ-V (سوال نمبر 121 تا 150) صرف تب ہی دیں اگر انھوں نے زبان-II کا اوپشن اُردو چنا ہو۔**

**ہدایات :** نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔

**(سوال نمبر 121 تا 128)**

''مرزا کو اپنے خاندان کے اس زوال کا پورا احساس تھا مگر اس کو روکنا اس کے بس کی بات نہ تھی البتہ جہاں تک ظاہری رکھ رکھاؤ کا تعلق تھا مرزا اس میں ذرا سی کوتاہی بھی نہ ہونے دیتا تھا۔ اس کے دل میں نہ جانے کیوں یہ خیال بیٹھ گیا تھا کہ خاندان کا وقار قائم رکھنے کے لیے درشت مزاجی اور تحکم لازمی ہیں۔ اس خیال نے اسے سخت دل بنا دیا تھا۔مگر یہ درشتی اور سختی اوپر ہی اوپر تھی اندر سے مرزا بڑا نرم تھا اور یہی ہماری دوستی کی بنا تھی۔

ایک دن سہ پہر کو میں اور برجیس قدر، انارکلی میں اپنی شان دار موٹر میں ایک مشہور جوتے والے کی دکان سے سلیم شاہی جوتا خرید رہے تھے مرزا نے اپنا ٹھاٹ دکھانے کے لیے یہ ضروری سمجھا کہ وہ موٹر میں بیٹھے دکان کے مالک کو پکارے اور جوتے اپنی موٹر میں ملاحظہ کرے۔ شہر میں ابھی مرزا کی ساکھ قائم تھی اور دکان دار عام طور پر اس کی ان اداؤں کے عادی تھے۔ چنانچہ جوتے والے نے اپنے دو کارندے مرزا کی خدمت پر مامور کر دیے۔

**121.** مرزا خاندان کے وقار کو قائم رکھنے کے لیے کیا لازمی سمجھتے تھے ؟

(1) نرمی اور دریا دلی

(2) رعونت اور تنگ مزاجی

(3) درشت مزاجی اور تحکم

(4) خوش مزاجی اور نرمی

**122.** وہ اندر سے کیسا انسان تھا ؟

(1) خوش مزاج

(2) کینہ پرور

(3) سخت دل

(4) نرم دل

**123.** مرزا انارکلی کیا خریدنے گئے ؟

(1) اچکن

(2) سلیم شاہی جوتا

(3) انگرکھا

(4) ٹوپی

**124.** مرزا نے اپنا ٹھاٹ باٹ دکھانے کے لیے کیا ضروری سمجھا ؟

(1) جوتے بے حد قیمتی دام کے دیکھیں

(2) جوتے اپنی موٹر میں ہی دیکھیں

(3) جوتے سفید رنگ کے ہی دیکھیں

(4) جوتے مناسب داموں پر خریدیں

**125.** جوتے والے نے مرزا کی خدمت میں کس کو مامور کر دیا ؟

(1) اپنے دو بیٹوں کو

(2) اپنے دو بھائیوں کو

(3) اپنے دو کارندوں کو

(4) اپنے دو دوستوں کو

**126.** احساس کی جمع ہے

(1) احساسوں

(2) احساساتوں

(3) احساسیں

(4) احساسات

**127.** دوستی کا متضاد ہے

(1) دشمنی

(2) بدگمانی

(3) قربت

(4) رقابت

**128.** مرزا کس بات میں کوتاہی نہیں کرتا تھا ؟

(1) ظاہری رکھ رکھاؤ میں

(2) جھوٹی شان دکھانے میں

(3) دوسروں کو نیچا دکھانے میں

(4) خاندانی آن بان دکھانے میں

**ہدایات** : نیچے دی ہوئی عبارت کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے : **(سوال نمبر 129 تا 135)**

معاً انہیں ایسا معلوم ہوا کہ راستہ دیکھا ہوا ہے۔ ہاں اِدھر ہی سے تو گیا اُن کو اپنے گاؤں لے گیا تھا۔ وہی کھیت، وہی باغ ہیں، وہی گاؤں ! اب انکی رفتار تیز ہونے لگی۔ ساری تکان، ساری کمزوری، ساری مایوسی رفع ہوگئی۔ ارے یہ تو اپنا کھیت آ گیا۔ یہ تو اپنا کنواں ہے جہاں ہر روز پانی پیا کرتے تھے۔

موتی : ''ہمارا گھر نزدیک آ گیا۔''

ہیرا : ''بھگوان کی مہربانی ہے۔''

موتی : ''میں تو اب گھر بھاگتا ہوں۔''

ہیرا : ''یہ جانے بھی دے گا اتنا سوچ لو۔''

موتی : ''اسے میں مار گراتا ہوں۔ جب تک سنبھلے تب تک ہم گھر پہنچ جائیں گے۔''

ہیرا : ''نہیں دوڑ کر تھان تک چلو۔وہاں سے آگے نہ چلیں گے۔''

دونوں مست ہوکر بچھڑوں کی طرح کلیلیں کرتے ہوئے گھر کی طرف دوڑے اور اپنے تھان پر جا کر کھڑے ہو گئے۔ وہ آدمی بھی پیچھے پیچھے دوڑا آ رہا تھا۔ جھوری دروازے پر بیٹھا تھا۔ بیلوں کو دیکھتے ہی دوڑا اور انہیں پیار کرنے لگا۔ بیلوں کی آنکھوں سے آنسو بہنے لگے۔

**129.** موتی نے جب آدمی کو مار گرانے کی بات کی تو ہیرا نے کیا کہا ؟

(1) ہاں اسے مار گرا دو

(2) نہیں دوڑ کر تھان تک چلو

(3) اپنے آپ کو اس کے حوالے کر دو

(4) آدمی کو بھگا دو

**.130** ہیرا اور موتی دوڑ کر کہاں کھڑے ہو گئے ؟

(1) اپنے مالک کے پاس

(2) اپنے کھیت پر

(3) مالک کے گھر کے دروازے پر

(4) اپنے تھان پر

**.131** جھوری بیلوں کو دیکھ کر کیا کرنے لگا ؟

(1) انھیں ڈنڈے سے مارنے لگا

(2) انھیں برا بھلا کہنے لگا

(3) انھیں پیار کرنے لگا

(4) انھیں بھوسہ کھلانے لگا

**.132** باغ کی جمع ہے

(1) باغوں (2) باغاتوں

(3) باغاتیں (4) باغاتین

**.133** نزدیک کا متضاد ہے

(1) دوُر (2) قربت

(3) قریب (4) پاس

**.134** بیلوں کی رفتار تیز کیوں ہونے لگی ؟

(1) اپنا گاؤں، کھیت اور باغ دیکھ کر

(2) اپنے مالک اور مالکن کو دیکھ کر

(3) گائے اور بیلوں کو دیکھ کر

(4) گاؤں کے لوگوں کو دیکھ کر

**.135** موتی نے ہیرا سے کیا کہا ؟

(1) آرام کرنے کو (2) گھر بھاگنے کو

(3) پانی پینے کو (4) بھوسہ کھانے کو

**ہدایات :** نیچے دیے ہوئے سوالوں کو پڑھیے اور دیے گئے متبادل میں سے کسی ایک مناسب ترین متبادل کا انتخاب کیجیے۔ **(سوال نمبر 136 تا 150)**

**.136** استاد چوتھی جماعت کے طلبا کو کسی موضوع پر آزادانہ طور پر لکھنے کی حوصلہ افزائی کر سکتا ہے اگر موضوع متعلق ہو

(1) سماجی مسائل سے

(2) قومی سالمیت سے

(3) ذاتی زندگی سے

(4) ماحولیاتی مسائل سے

**.137** زبان کی غیر رسمی آموزش میں کون شامل ہے ؟

(1) زبان کی تجربہ گاہ

(2) گھر کا ماحول

(3) زبان کا تربیتی مرکز

(4) اسکول

**.138** طلبا سے پڑھی ہوئی کہانی کو دوبارہ بیان کرنے کے لیے کہنے سے استاد کو کیا جانچنے میں مدد ملے گی ؟

(1) ذہانت

(2) سمجھ

(3) تلفظ

(4) املا

**139.** لکھنے میں دقت/ پریشانی کو کہتے ہیں

(1) ڈسلکسیا (Dyslexia)

(2) ڈسگریفیا (Dysgraphia)

(3) ڈسکلکولیا (Dyscalculia)

(4) ڈسفوریا (Dysphoria)

**140.** پڑھنے کا مطلب صرف لکھے ہوئے متن کی ادائیگی نہیں ہے بلکہ یہ بھی اہم ہے کہ

(1) ایک اچھے مقرر ہوں

(2) متن کے معنی سمجھیں

(3) نئے الفاظ اور جملوں کی ساخت کی آموزش ہو

(4) نئے الفاظ کی ادائیگی میں حائل پریشانیوں پر قابو پا سکیں

**141.** اس بات کی سفارش کی گئی ہے کہ ابتدائی درجات میں بچوں کی تعلیم مادری زبان میں ہونی چاہیے۔ کیوں ؟

(1) علاقائی زبانوں کو فروغ دینے کے لیے

(2) فطری ماحول بیدار کرنے کے لیے

(3) بچے کوئی زبان نہیں سمجھ سکتے

(4) بچوں میں تخلیقیت کو فروغ دینے کے لیے

**142.** پہلی جماعت کی زبان کی نصابی کتاب نظموں اور کہانیوں سے شروع ہوتی ہے اور اس کے بعد حروفِ تہجّی آتا ہے۔ اس نصابی کتاب میں کس انداز نظر کو اپنایا گیا ہے ؟

(1) نیچے سے اوپر

(2) اوپر سے نیچے

(3) انضباطی

(4) درسیاتی خاکہ

**143.** درج ذیل میں سے کون سا بیان درست ہے ؟

(1) پہلی جماعت کے بچے انگریزی بالکل نہیں جانتے

(2) بچے تجربات کا ایک خزانہ لے کر اسکول آتے ہیں

(3) بچے جب اسکول آتے ہیں تو وہ ایک خالی سلیٹ کی طرح ہوتے ہیں

(4) بچوں کو بہت سے الفاظ رٹانے کے بعد زبان کی تعلیم دینی چاہیے

**144.** ایک بچہ اپنی پہلی زبان قدرتی طور پر ______ ہے۔

(1) سیکھتا

(2) نقل کرتا

(3) حاصل کرتا

(4) تقویت پہنچاتا

**145.** درج ذیل میں سے کس کا شمار وصول کرنے کی مہارتوں میں ہوتا ہے؟

(1) سننا اور بولنا

(2) سننا اور پڑھنا

(3) پڑھنا اور لکھنا

(4) پڑھنا اور بولنا

**146.** استاد ''صفت'' کی تعریف طلبا سے کم از کم اپنی ایک خوبی بیان کرنے کے لیے کہہ کر کرتا ہے۔ اس طریقۂ کار کو کیا کہا جاتا ہے؟

(1) استقرائی طریقۂ کار

(2) استخراجی طریقۂ کار

(3) کل طبعی ردعمل (TPT) طریقۂ کار

(4) استضراقی طریقۂ کار

**147.** کون سی زبان استاد کی مدد سے رسمی ماحول میں سیکھی جاتی ہے؟

(1) پہلی زبان

(2) دوسری زبان

(3) مادری زبان

(4) گھر میں بولی جانے والی زبان

**148.** استاد ننھے طلبا کو نئے الفاظ کی تدریس کے لیے حقیقی اشیا کا استعمال کرتا ہے، کیوں کہ

(1) ہم صرف اشیا کی مدد سے نئے الفاظ کی تدریس کر سکتے ہیں۔

(2) یہ لفظوں کے صحیح تلفظ کی تدریس میں معاون ہوتے ہیں۔

(3) طلبا جو چیزیں حقیقی زندگی میں دیکھتے ہیں ان سے مربوط کرنے اور اپنی زبان میں ادا کرنے میں معاون ہوتے ہیں۔

(4) ننھے طلبا مجرد فکر کے اہل نہیں ہوتے ہیں اس لیے حقیقی چیزیں ان کی بہتر آموزش میں معاون ہوتی ہیں۔

**149.** زبان کی درسیات میں ادب کو شامل کرنا چاہیے کیوں کہ

(1) یہ مستند زبان کی تدریس اور آموزش کا ذریعہ ہے

(2) یہ طلبا کو تنقیدی غوروفکر کا مالک بناتا ہے

(3) یہ طلبا پر نصاب کا بوجھ کم کرنے میں معاون ہوتا ہے

(4) یہ نئے الفاظ کو سیکھنے میں طلبا کے لیے معاون ہوتا ہے

**150.** زبان کے کلاس روم میں کہانی سنانے کی بڑی اہمیت ہے، کیوں کہ اس سے

(1) اخلاقیات کی تعلیم ہوتی ہے

(2) تفریح کا دل چسپ ماخذ ہے

(3) استاد کو آرام کا موقع مل جاتا ہے

(4) زبان پوری ایک اکائی کے طور پر موجود ہوتی ہے

**نیچے لکھی ہدایات کو غور سے پڑھیے :**

1. مختلف سوالات کے جوابات دینے کی ترتیب کو واضح طور پر ٹیسٹ بک لیٹ میں دیا گیا ہے۔ آپ سوالوں کا جواب دینے سے قبل اس کو دھیان سے پڑھ لیں۔
2. ہر سوال کے جواب میں دیے گئے چار متبادلوں میں سے درست جواب کے دائرے کو کالے/ نیلے بال پوائنٹ پین سے OMR جوابی شیٹ کی دوسری جانب پوری طرح گہرا کر کے بھر دیں۔ جواب پر ایک بار نشان لگانے کے بعد اُسے تبدیل نہیں کیا جا سکتا۔
3. امیدوار کو اچھی طرح دیکھ لینا چاہیے کہ جوابی شیٹ موڑی نہ گئی ہو۔ جوابی شیٹ پر کسی قسم کا کوئی نشان نہ چھوڑیں، جوابی شیٹ میں نشان زد کی جگہ کے علاوہ اپنا رول نمبر کہیں دوسری جگہ نہ لکھیں۔
4. سوالنامے اور جوابی شیٹ کو احتیاط سے استعمال کریں، دوسری جوابی شیٹ کسی بھی حال میں (سوائے سوالنامہ کوڈ یا نمبر اور جوابی شیٹ کے کوڈ یا نمبر کے فرق کے) نہیں دی جائے گی۔
5. امیدوار حاضری کے کاغذ پر، جوابی شیٹ/سوالنامے میں دیے گئے کوڈ کو بالکل درست اور اسی طرح لکھیں جس طرح وہ سوالنامے میں لکھا گیا ہے۔
6. OMR جوابی شیٹ میں بھری ہوئی معلومات کو ایک مشین کے ذریعے پڑھا جائے گا۔ کوئی بھی معلومات داخلہ کا دور میں دی گئی معلومات سے مختلف نہ ہو اور ادھوری نہ ہوں۔
7. امیدوار کو اپنے داخلہ کارڈ کے علاوہ کسی بھی قسم کا درسی مواد، چھپا ہوا یا لکھا ہوا کاغذ کا ٹکڑا، موبائل فون، پیجر، الیکٹرونک آلات امتحال ہال میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔
8. امیدوار کو موبائل فون، وائرلیس کمیونی کیشن کے ڈوائسوں کو امتحان ہال کے کمروں میں لانے کی اجازت نہیں ہوگی۔ امیدوار کو ان کے مفاد میں یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ اپنے پاس موبائل فون یا کسی دوسرے کمیونی کیشن کو سوئچ آف کر کے بھی اپنے پاس نہ رکھیں۔ ان ہدایت پر عمل نہ کرنے پر امتحان ہال میں غیر مناسب ذرائعوں کا استعمال سمجھا جائے گا اور ان کے خلاف کاروائی کی جائے گی، ان کے امتحان کو رڈ بھی کیا جا سکتا ہے۔
9. امیدوار کو نگراں کے مانگے جانے پر اپنا داخلہ کارڈ دکھانا ہوگا۔
10. سینٹر سپرنٹنڈنٹ یا نگراں کی اجازت کے بغیر کوئی امیدوار اپنی جگہ نہیں چھوڑے گا۔
11. امیدوار جوابی شیٹ ہال میں موجود نگراں کے سپرد کئے بغیر یا حاضری پر دوبارہ دستخط کئے بغیر کمرے/ ہال سے باہر نہیں نکلیں گے۔ اگر امیدوار حاضری کے کاغذ پر دوبارہ دستخط نہیں کرتا تو اس کا مطلب یہ لیا جائے گا کہ اس نے جوابی شیٹ جمع نہیں کرائی اور اسے غیر قانونی ذرائع کا استعمال سمجھا جائے گا۔
12. الیکٹرونک/ ہاتھ کے کیلکو لیٹر کا استعمال ممنوع ہے۔
13. امیدوار کمرۂ امتحان میں، بورڈ کے اصول وضوابط کے پابند ہوں گے۔ غیر قانونی ذرائع کے استعمال کے تمام معاملات سے بورڈ کے اصول و ضوابط کے تحت ہی نپٹا جائے گا۔
14. سوالنامے یا شیٹ کا کوئی حصّہ کسی بھی وجہ سے سوالنامے/ جوابی شیٹ سے الگ نہیں کیا جائے گا۔
15. **امتحان ختم ہونے پر امیدواروں کو جوابی شیٹ ڈیوٹی پر موجود نگراں کے سُپرد کرنی ہوگی۔ امیدوار کو سوال نامہ اپنے ساتھ لے جانے کی اجازت ہوگی۔**

**निम्नलिखित निर्देशों को ध्यान से पढ़ें :**

1. जिस प्रकार से विभिन्न प्रश्नों के उत्तर दिए जाने हैं उसका वर्णन परीक्षा पुस्तिका में किया गया है, जिसे आप प्रश्नों का उत्तर देने से पहले ध्यान से पढ़ लें ।
2. प्रत्येक प्रश्न के लिए दिए गए चार विकल्पों में से सही उत्तर के लिए OMR उत्तर पत्र के **पृष्ठ-2** पर केवल एक वृत्त को ही पूरी तरह **काले/नीले बॉल पॉइन्ट पेन** से भरें । एक बार उत्तर अंकित करने के बाद उसे बदला नहीं जा सकता है ।
3. परीक्षार्थी सुनिश्चित करें कि इस उत्तर पत्र को मोड़ा न जाए एवं उस पर कोई अन्य निशान न लगाएँ । परीक्षार्थी अपना अनुक्रमांक उत्तर-पत्र में निर्धारित स्थान के अतिरिक्त अन्यत्र न लिखें ।
4. परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र का ध्यानपूर्वक प्रयोग करें, क्योंकि किसी भी परिस्थिति में (केवल परीक्षा पुस्तिका एवं उत्तर पत्र के संकेत या संख्या में भिन्नता की स्थिति को छोड़कर) दूसरी परीक्षा पुस्तिका उपलब्ध नहीं करायी जाएगी ।
5. परीक्षा पुस्तिका / उत्तर पत्र में दिए गए परीक्षा पुस्तिका संकेत व संख्या को परीक्षार्थी सही तरीके से हाज़िरी-पत्र में लिखें ।
6. OMR उत्तर पत्र में कोडित जानकारी को एक मशीन पढ़ेगी । इसलिए कोई भी सूचना अधूरी न छोड़ें और यह प्रवेश-पत्र में दी गई सूचना से भिन्न नहीं होनी चाहिए ।
7. परीक्षार्थी द्वारा परीक्षा हॉल/कक्ष में प्रवेश-पत्र के सिवाय किसी प्रकार की पाठ्य-सामग्री, मुद्रित या हस्तलिखित, कागज़ की पर्चियाँ, पेजर, मोबाइल फोन, इलेक्ट्रॉनिक उपकरण या किसी अन्य प्रकार की सामग्री को ले जाने या उपयोग करने की अनुमति नहीं है ।
8. मोबाइल फोन, बेतार संचार युक्तियाँ (स्वीच ऑफ अवस्था में भी) और अन्य प्रतिबंधित वस्तुएँ परीक्षा हॉल/कक्ष में नहीं लाई जानी चाहिए । इस सूचना का पालन न होने पर इसे परीक्षा में अनुचित साधनों का प्रयोग माना जाएगा और उनके विरुद्ध कार्यवाही की जाएगी, परीक्षा रद्द करने सहित ।
9. पूछे जाने पर प्रत्येक परीक्षार्थी, निरीक्षक को अपना प्रवेश-पत्र दिखाएँ ।
10. केन्द्र अधीक्षक या निरीक्षक की विशेष अनुमति के बिना कोई परीक्षार्थी अपना स्थान न छोड़ें ।
11. कार्यरत निरीक्षक को अपना उत्तर पत्र दिए बिना एवं हाज़िरी-पत्र पर दुबारा हस्ताक्षर किए बिना परीक्षार्थी परीक्षा हॉल/कक्ष नहीं छोड़ेंगे । यदि किसी परीक्षार्थी ने दूसरी बार हाज़िरी-पत्र पर हस्ताक्षर नहीं किए, तो यह माना जाएगा कि उसने उत्तर पत्र नहीं लौटाया है और यह अनुचित साधन का मामला माना जाएगा । **परीक्षार्थी अपने बाएँ हाथ के अंगूठे का निशान हाज़िरी-पत्र में दिए गए स्थान पर अवश्य लगाएँ ।**
12. इलेक्ट्रॉनिक / हस्तचालित परिकलक का उपयोग वर्जित है ।
13. परीक्षा हॉल/कक्ष में आचरण के लिए परीक्षार्थी बोर्ड के सभी नियमों एवं विनियमों द्वारा नियमित हैं । अनुचित साधनों के सभी मामलों का फैसला बोर्ड के नियमों एवं विनियमों के अनुसार होगा ।
14. किसी हालत में परीक्षा पुस्तिका और उत्तर पत्र का कोई भाग अलग न करें ।
15. **परीक्षा सम्पन्न होने पर, परीक्षार्थी हॉल / कक्ष छोड़ने से पूर्व उत्तर पत्र कक्ष-निरीक्षक को अवश्य सौंप दें । परीक्षार्थी अपने साथ इस परीक्षा पुस्तिका को ले जा सकते हैं ।**

**READ THE FOLLOWING INSTRUCTIONS CAREFULLY:**

1. The manner in which the different questions are to be answered has been explained in the Test Booklet which you should read carefully before actually answering the questions.
2. Out of the four alternatives for each question, only one circle for the correct answer is to be darkened completely with **Black/Blue Ball Point Pen** on **Side-2** of the OMR Answer Sheet. The answer once marked is not liable to be changed.
3. The candidates should ensure that the Answer Sheet is not folded. Do not make any stray marks on the Answer Sheet. Do not write your Roll No. anywhere else except in the specified space in the Answer Sheet.
4. Handle the Test Booklet and Answer Sheet with care, as under no circumstances (except for discrepancy in Test Booklet Code or Number and Answer Sheet Code or Number), another set will be provided.
5. The candidates will write the correct Test Booklet Code and Number as given in the Test Booklet / Answer Sheet in the Attendance Sheet.
6. A machine will read the coded information in the OMR Answer Sheet. Hence, no information should be left incomplete and it should not be different from the information given in the Admit Card.
7. Candidates are not allowed to carry any textual material, printed or written, bits of papers, pager, mobile phone, electronic device or any other material except the Admit Card inside the examination hall/ room.
8. Mobile phones, wireless communication devices (even in switched off mode) and the other banned items should not be brought in the examination halls/ rooms. Failing to comply with this instruction, it will be considered as using unfair means in the examination and action will be taken against them including cancellation of examination.
9. Each candidate must show on demand his / her Admit Card to the Invigilator.
10. No candidate, without special permission of the Centre Superintendent or Invigilator, should leave his / her seat.
11. The candidates should not leave the Examination Hall/ Room without handing over their Answer Sheet to the Invigilator on duty and sign the Attendance Sheet twice. Cases where a candidate has not signed the Attendance Sheet second time will be deemed not to have handed over the Answer Sheet and dealt with as an unfair means case. **The candidates are also required to put their left hand THUMB impression in the space provided in the Attendance Sheet.**
12. Use of Electronic / Manual Calculator is prohibited.
13. The candidates are governed by all Rules and Regulations of the Board with regard to their conduct in the Examination Hall/Room. All cases of unfair means will be dealt with as per Rules and Regulations of the Board.
14. No part of the Test Booklet and Answer Sheet shall be detached under any circumstances.
15. **On completion of the test, the candidate must hand over the Answer Sheet to the Invigilator in the Hall / Room.** ***The candidates are allowed to take away this Test Booklet with them.***